مولوی کی سن نصیحت اے اسیر / اولیا کا جب ہو منظور نظر
ہیچ نکشد نفس را جز ظل پیر / دامن آن نفس کش سخت گیر

عام را باشد نظر بر فعل و اسم / پیش خاصه محو گردد صفت و اسم
گر نظر در شیشه داری گم شوی / زانکه در شیشه ست اعداد دوی
خاک شو در پیش شیخ با صفا / تا ز خاک تو بروید کیمیا
چون بگیری سخت آن توفیق هست / در تو هر قوت که آید جذب اوست

در بیان صفت مجذوب سالک

اب تو سن مجذوب سالک کا بیان / تا کہ تجھ پر نیک و بد سب ہو عیان
بعد اسکے ہو سلوک السالکان / ماسوا حق کے ہو سب تنہا بر و تن
منتہی کا یہ ہے جذب اے نیکبخت / یہ طریقہ سب طریقوں سے ہے سخت
یعنی ہو مخلوق میں جو جان و تن / جان ہو حق کی طرف ہر جان من
حق نے بھیجا اسلیے اسکو یہاں / تا کہ ہووے خلق اس سے فیضیاب
اسکی صحبت سے ہو جذب احمدی

یعنی وہ مجذوب سالک کی سیر / جسکی صحبت سے ہو جذب اقبال سیر
یاں تلک پوشیدہ ہو اے ذی ہنر / قدسیوں کو بھی نہو اصلا خبر
حکم اسکو ہے کہ رہ سب سے بہم / پر نہووے عشق سے باہر قدم
جسکا یہ ہے حال اے عالی گہر / صحبت بد سے نہیں اسکو خطر
جسکو ایسا ہو سلوک اے مرد دین / وہ گدا ہے عشق کا شہ بالیقین
پیر ارادت تیری ذوق ہو ذرا

قولہ تعالی انک لا تہدی من احببت ولکن اللہ یہدی من یشاء

بے ارادت کے نہیں ہے حق تمام / انبیا کی گر ہدایت پر نظر
یعنی ہوا خلاص مرشد سے تمام / جب تجھے ہو جذب حق اے نیکنام

در بیان اقسام جذب

دو طرح کا جذب ہے اے نیکمرد / جسکو یہ حاصل ہے وہ عالم ہے فرد
عام کہتے ہیں اسے عالی گہر / جسکو نسبت پیر سے ہو سر بسر
نسبت پیر اسکی ہے لیکن خلاف / یعنی نسبت احدی کے بے خلاف
نسبت احمد احد کی ہمسری / غرض یہ جو ہر دو ہے اے بیخبر
جس سے نسبت تجکو ہوی نکلا / یاد رکھ وہ ہی ہے نسبت سلیمان

ایک تو ہے خاص دیگر عام ہے / خاص ہے بس عام کا انجام ہے
خاص یہ ہے یاد رکھ عالی جناب / نسبت احمد سے جو ہو فیضیاب
جسکو نسبت پیر کی ہو بوالفضول / ہر دو عین نسبت ذات رسول
مخزن نسبت ہے مرشد اے حبیب / اسکو حاصل کر اگر ہے با نصیب
اس مثل کو سن تو راضی ہو متصل / اسمیں لکھتا ہوں میں ایک حکایت بدل

در بیان زاہد خشک و زن فاسق کہ آخر کار ہر دو کامل شدند

اک گدا پڑھتا تھا صحرا میں صلوات / وقت مغرب کے سنو اے نیک ذات
دیکھ یہ زاہد ہوا زن سے خفا / اور کہا زن سے کہ سن اے بیحیا
سن کے یہ زاہد سے زن نے کہی آہ / یہ کہا کیسے ہو کیا آدمی راہ
فسق نے دل پر کیا تھا اثر / تن بدن کی کچھ نہ تھی تجکو خبر
اسکے زن سے یہ نصیحت کر شتہ / گر پڑا زاہد زمین پر بیخبر

زن وہاں آئی چلی آگے آ تھی / پار کھا اسنے مصلے پر پلید
میں ادھر آ کر تھا یار پر فرض حق / تو نے پار کھا یہاں کیوں اے تقی
فسق کی نیت سے جاتی تھی چلی / تجکو دیکھا نہ مصلے اے تقی
حیف ہے صد حیف تجھ پر اے گدا / تو نماز حق میں دیکھے ہے خدا
بیخبر تھا پر یہ کہتا کردگار / نور وحدت زن یہ کہنے لگی

یہ ہے مرشد میں نے بس اسکا بیان
تو دکھا اسکو خدا راہ سعید

یعنی اپنا عشق دے اسکو خدا
وہ بدم جب سے ہو تجھ پر فدا

التجا زاہد کی حق نے کی قبول
زن گئی افعال بد سب بے

عارف حق وہ ہوئی ایسی عزیز
ماسوا حق کے نہ تھا اسکو تمیز

جب ہوا زن کا یہ رتبہ اے پسر
دیکھ کر زاہد کو زن نے آہ بھر

یون کہا اے خالق کون و مکان
ظاہر و باطن ہے سب تجھ پر عیان

اسکے باعث سے کیا مجکو قبول
کر قبول اسکو خدا پھر رسول

یہ ہوا آخر زن کی دعا کا پھر اثر
ہوگیا زاہد بھی عارف باخبر

حق پسندی حق کو ہے از بس پسند
یاد رکھ اس بات کو اے ہوشمند

راست گوئی سے یہ رتبہ اے سلیم
زن کو حاصل ہوگیا از بس عظیم

حق پسندی سے نہ غافل ہو عزیز
شل زاہد تاکہ ہو تو باتمیز

یہ پسند حق ہیں دونون اے حبیب
جو کہ خالی ان سے ہے وہ بے نصیب

خود پسندی شیوۂ شیطان ہے
کذب گوئی غارت ایمان ہے

یہ ہیں دونون فعل بد ایسے پلید
کر دیا لاکھون کو غارت اے سعید

تو نگہبان اسکا رہ ہر روز و شب
شل شیطان تا نہو تو بے ادب

زن نمط بیخود ہو نسبت میں فنا
جب تری ہو نماز اے باخدا

در بیان صلوٰۃ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ

دیکھ سفیان کو کہ پڑھتے تھے صلوٰۃ
شام کی مسجد میں سن اے نیک ذات

جبکہ پہونچے نستعین پر اے پسر
گر پڑے بیتاب ہو کر بیخبر

جبکہ فارغ وہ ہوئے عالیجناب
اُنسے پوچھا ایک نے اے فیضیاب

کیون گرے بیتاب تم اے باصفا
بھید اسکا دو ذرا مجکو بتا

پھر یہ سفیان نے کہا اے بیخبر
رو برو حق کے نہ ٹوٹے کیون کمر

وان کھڑا کہتا ہون حق سے یارب
بس دعا مانگون میں تجھ سے روز و شب

گر یہ فرمائے خدا اے کذب گو
پھر اسیر ان سے کرے کیون جستجو

کیونکہ تو پابند ہے تدبیر کا
کیون نہ تو شاکر رہا تقدیر کا

یہ تصور دل میں جب آیا پسر
شرم سے اسکے گرا میں خاک پر

سن چکا غافل یہ اب تو گفتگو
ترک کر حق کے سوا سب کو تو

جب حضور دل ہو حاصل اے پسر
ورنہ کیا ہے نان و حلوا بیخبر

دیکھ تو یہ کیا لکھا ہے آشکار
مولوی روم نے اے نابکار

تا نسازی سوی دل وضو
کی نماز عاشقان آید زتو

اے کہ ترک تن بود اصل نماز
ترک خویش و ترک فرزندان و از

مے نیرزد آن نماز لود و جو

آنکہ با اغیار دارد دل گرو

قولہ تعالیٰ اِنّی اَنَا اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِی وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِی

ہر گھڑی ہر لحظہ رکھ حق سے نیاز
جب لگے ہو پنجگانہ یہ نماز

دمبدم جسکو نہو حق کا حضور
پھر کہاں اسکی نماز اے ذی شعور

کیونکہ غفلت میں یہ کیو روز و شب
پھر خیال رب بھلا آتا ہے کب

اسلیے لازم ہے تجکو اے پسر
حق سے کوئی دم نہو تو بیخبر

دیکھ فرماتے ہیں یہ حضرت نبی
گوش دل سے سن ذرا تو اے اخی

چشم میری بند دل بیدار ہے
یعنی دل یہ خواب میں ہشیار ہے

تیری بیداری ہے سونے سے بتر
خواب کا کیا ذکر ہے اے بیخبر

اس حدیث مصطفےٰ سے اے زبون
صاف ثابت ہے صلوٰۃ دائمون

جبکہ نماز پنجگانہ ہو ادا
پیشتر اسکو ادا کر باخدا

مولوی روم نے اے بیخبر
کیا لکھا ہے دیکھ تو یہ پر اثر

صاحب ایمان ہمان باشد ہمان
گو نباشد غافل از وے یکزمان

پنج نوبت باید کنی ہر دم سجود
عارف از وی یکزمان غافل نبود

ہر سرے کو سجدۂ سجان کرد
حق مراد از صاحب ایمان کرد

جبتلک ایسی نہیں پڑھتا نماز
پھر کہاں تیری نماز اے حیلہ ساز

لطافت
قیامت کے روز آدمی ایک ہی عمر کا پیدا ہونگے ۱۲

دربیان مذمت خیال الفت ماسواے حق

دل مین تیرے یہ مرض لینا ہی بیس	حشر تک چھوٹے تجکو ای سعید	دل مین تیرے جسکی نسبت ہو کمال	حشر اسکے ساتھ ہوی ذی جمال

حدیث شریف یحشر الناس یوم القیمۃ علی نیاتہم

یہ حدیث مصطفے ہی ای جوان	حشر ہو نیت پہ تیری بیگمان	مولوی رومی نے بھی ہی یہ بسر	کیا لکھا ہی دیکھ کر ہو با خبر
ہر چہ در دنیا خیالت آن بود	تا ابد راہ وصالت آن بود	جز خدا کچھ فکر مت رکھ ای پسر	یہ کرے گی خوار تجکو سر بسر

دربیان کشت آخرت

دل ترا ہی کشت مرشد کاشتکار	جو وہ بووے وہی نکلے ہوشیار	عشق ہی اس کشت کا جوتا پسر	ہل ہی اسکا فکر حق ای ذی سیر
بیل مین بس اکشت کی ای نیکدان	یعنے تنہائی و بیداری جوان	ہی بجاے چاہ چشم اشک ریز	ہی بجاے شاہ شاہ رستخیز
ہی بجاے تخم نام ذوالجلال	کشت دل مین اسکو بوا ہی باکمال	ہین بجاے پاسبان ظاہر عمل	گر نہو ان یہ کشت مین آوے خلل
جب اگا نیری ہی ہووے کشت زار	عجز کے آرے سے کاٹ ای ذی شعار	لا کے میدان مین تو کھرمن لسبر	دے ہوا ثبات کی پھر سر بسر
برق سے خرمن کو رکھنا تو بچا	برق یعنے شرک ہی ای باخدا	جب نکالے خوشہ سے دانہ عزیز	پھر نگہبان اسکا ہی ای باتمیز
کیونکہ دشمن اسکے ہین لاکھون جوان	بے نگہبانی نہ چھوڑین بیگمان	بند کر غلہ کو اسجا ہوشمند	جس جگہ پہونچے نہ موشون کا گزند
جب تلک انکی نہین کرتا دوا	کشت تیرا سب خراب ہی باخدا	دیکھ فرماتے ہین کیا وہ باصواب	یعنے حضرت مولوی عالیجناب
اول ای جان دفع شر موش کن	بعد ازان در جمع گندم خوش کن	جانتا ہی وہ مکان ای بیخبر	جس جگہ پہونچے نہ موشون سے ضرر
یعنے وہ دل جو ہر جان ای جوان	وان نہین عشقون کا ہرگز نشان	موش کیا ہی جانتا ہی ای حبیب	یعنے شیطان لعین بے نصیب
یہ پھرے ہر رگ مین مثل خون	پر نہین دل مین راہی ذو فنون	کیونکہ اسمین نور حق ہی آشکار	ہو گریزان دیکھ شیطان نابکار
	دیکھ فرماتے ہین عطار ولی	گوش دل سے سن فرا اسکو اخی	

شرافت
ایمان والون کے دل عرش الٰہی ہین ۱۲

دربیان اوصاف دل

دل چہ باشد غیر نفس ناطقہ	آنکہ از حق تافت برق بارقہ	دل بمعنی جوہر روحانی است	دل نہ از جسم است و نہ جسمانی است
کس نداند قدر دل جز اہل دل	نیست دل آن بستہ با آب و گل	اہل دل شعلہ ز دل شد اہل دل	ورنہ ہمچون خر فرو ماند بگل
مقصد مقصود خلوت این دل است	ہر چہ میخواہی ازین دل حاصلست	ہر چہ عارف اندر دل خواندہ است	از کتاب درس ست افسانہ است
این چنین دل را تو از عارف طلب	دل مجو زین ہست جام بے ادب	بے تعلم حق دہد او را علوم	علمہا ہے برتر از درک و فہوم
دل یہ کیا ہی شاہد مقصود ہی	دل یہ کیا ہی ساجد مسجود ہی	دل یہ کیا ہی مخزن اسرار ہی	دل یہ کیا ہی مطلع انوار ہی
دل یہ کیا ہی مرآت اہل دلان	دیکھتے ہین نور حق اسمین عیان	دل یہ کیا ہی جام جم ای بے بصر	نیک و بد آتا ہی اسمین نظر

حدیث شریف قلوب المؤمنین عرش اللہ تعالی

دل کو فرمایا کہ ہی عرش خدا
صاحب لولاک نے ای باصفا
دل ہوا ہی خاک از عشق خدا
آئینہ رو دیتے ہین اس سے جلا

دل نہین ہی یہ بجز بیکنار
وسعت اسمین نجشان مشتہار
عرش و کرسی ہفتم اقلیم دگر
اسکے اندر دیکھ لے ای بیخبر

دل نہین ہی لحم و شحم و گوشت پوست
دل ہی وہ حاصل ہو جس سے بوے دوست
وہ صفت خاص ہی سے موصوف دل
سمجھو اسکو تیرا ہی اہل دل

پاک ناظر پاک وہ منظور ہی
وہ نہین دل جو کہ اس سے دور ہی
کیا لکھون اوصاف دل ای خشت گل
گوش دل سے گر سنے ہو سینہ چاک

یعنی فرماتے ہین کیا وہ باخدا
مثنوی مین مولوی باصفا
دل گذرگاہ خلیل اکبر ست
کعبہ بنگاہ خلیل آذر ست

دل بدست آور کہ حج اکبر ست
از ہزاران کعبہ یک دل بہتر ست
سن ذرا عطار کی یہ گفتگو
تاکہ واقف اس سے ہو خوش خو

دل چو شد برباد غیر او حرام
گر بدانی او بود بیت الحرام
درد حق ہی جان دل اہل دل
پر نہین واقف جو خود ہی آب گل

در بیان درد حق کہ از قرآن مجید ثابت است

یون کہو ہاتھون کو تم کرکے دراز
از طفیل مصطفی ای کارساز
ایسی آتش کرم دل مین نہان
ہو اگر ظاہر جلے کون و مکان

آہ جب نکلے تو ہو سب پر اثر
کو وہ تڑپے گر پڑے پیری نظر
بیقراری سے مجھے بس ہی قرار
فضل سے ہو فضل پروردگار

سوز و درد خاص سے افسردگی
زندگی عاشق کی ہی پژمردگی
اسقدر دے سوز دل پروردگار
چشم دل سے خون بہے لیل و نہار

کیونکہ حاصل جسکو تیرا درد ہی
دو جہان مین وہ بلاشک فرد ہی
باعث ایجاد عالم ہی یہ درد
سرفرازی بخش آدم ہی یہ درد

جسکا دل با درد ہو عالی نسب
اس سے ملتے ہین فرشتے با ادب
جو کہ دل وابستہ ہی اسکی کلید
درد ہی ہی درد ای مرد سعید

جسکو درد حق نہو عالی گہر
وہ نہین ہرگز بشر ای باخبر
جو کہ ہی بیدرد وہ حیوان ہی
گرچہ ظاہر شکل مین انسان ہی

درد ہی اخلاص حق از بس لطیف
تو نہین واقف ہی اس سے ای کثیف
یہ سخن با درد سن عطار کے
عاشق صادق تھے وے سرکار کے

ذرہ درد خدا حاصل ترا
بہتر از ہر دو سرا حاصل ترا
ذرہ عشق از ہمہ آفاق بہ
ذرہ درد از ہمہ عشاق بہ

درد حاصل کن کہ درمان درد تست
ہندو عالم دادہ وجان درد نیست
ہر گذر از زاہدی و سادگی
درد باید درد کار افتادگی

ہر کرا درد نیست درمانش مباد
خانکہ درمان خواہد او جانش مباد
مولوی فرماتے ہین ای بیخبر
اس کلام آتشین پر کر نظر

آتش ست این بانگ نای و نیست باد
ہر کہ این آتش ندارد نیست باد
درد کا انکار جسکو ہی وہ خر
بلکہ بدتر اس سے ہی وہ بدگہر

یہ لکہا عطار نے کیا ہی عجب
دیکھ کر انسان کو گر ہو تاب و تب
حق ہمین یہ کہ انسان گو فی المثل
ہمچو گاو دست چو خر بل ہم اضل

رو باسفل اسود او چون گم خبر
نیستش کارے بغیر از خواب و خور
بے نصیب است ہر کما ہست آن گروہ
غافل از ارباب حالت آن گروہ

مولوی کے سن تو یہ طرز کلام
دیکھو کیا ہوتا ہی ثابت نیکنام
بر محمد بود ابوبکر نکو
دید صد نقش گفت نہ او صادقو

چون نبود درد بوجہل از اصحاب
دید صد شق القمر باور نکرد
نقص یہ تھا بوجہل مین ای عزیز
اسلیے دین سے رہا وہ بیخبر

یعنی تھا بیدرد وہ زشت پلید
کسطرح ہوتا بھلا پاک و سعید
سن حقیقت درد کی اچھی طرح
تا نہو با درد بر تو طعنہ زن

یہ کلام پاک رب دو جہان
گوش دل سے تم سنو ای مہربان

قولہ تعالے انما المؤمنون الذین اذا ذکر اللہ وجلت قلوبہم

جبکہ سنتے ذکر حق ہیں مومنین خوف حق ہوتا ہے دل پر جانشین

قولہ تعالے اللہ نزل احسن الحدیث کتابا متشابہا مثانی تقشعر منہ جلود الذین یخشون ربہم ثم تلین جلودہم وقلوبہم الی ذکر اللہ ذلک ہدی اللہ یہدی بہ من یشاء ومن یضلل اللہ فما لہ من ہاد

یاد کرتے ذکر حق ہیں باحضور دل کو اس سے ہوتا ہے ازبس سرور یعنی ہستی مست ہوتی ہے عزیز ماسوا حق کے نہیں رکھتے تمیز

جانتا ہے نیستی کیا ہے پسر غیر حق یعنے نہو دل پر اثر

دربیان سبب جذب اہل حق

جسکو گھڑی ہو اس اثر کا کچھ ظہور نفس عاجز روح ہووے ذی شعور لیک تن سے جان کو نسبت ہے کثیر اس سبب سے وہ ہے عاجز سخت تر

یعنے جان ہے پاک چاہے پاک کو تن نجس ہے خاک چاہے خاک کو تن کی خواہش ہے نہ چھوڑوں جاے خاک جان کی خواہش ہے کہ ہوں اصل پاک

تن یہ کہتا ہے نہ جاؤں عرش پر جان کہتی ہے رہوں کیوں فرش پر جان و تن میں یہ نزاع و شور ہے مقتضا ہر ایک کا دائم اور ہے

قولہ تعالے قل الروح من امر ربی

جان یہ کہتی ہے کہ ہوں ان مرزب ہیں مقید آب و گل کی ہونگی کب تن یہ کہتا ہے کہ ہوں آب و خاک تو کہاں اور زمین کہاں اے اصل پاک

یہ نہ چھوڑونگا تجھے ای نیکنام تجھسے روشن ہے مرا خانہ تمام قید تن سے جان نہیں ہوتی رہا تاکہ حاصل ہووے اسکو مدعا

کھینچتا ہے اسکو تن اپنی طرف اس سبب سے جان کو ہوتا ہے شغف اس تخالف کے سبب سے عاشقین دست و پا کو مارتے ہیں بر زمین

سوادق کا یہ کلام اے اہل دل ہے اسی مضمون پہ بیشک مشتمل روح سے صحبت سو جسم بر زمین سوے آب و گل شدے در سفلین

اسقدر ہیں دست و پا زن خاک پر شور و غل پڑجاتا ہے افلاک پر مولوی فرماتے ہیں اے کور و کر مثنوی میں اسطرح پر کر نظر

جیسے ہو پاک سے جان لامکان لامکان فوق وہم سالکان لامکانے کہ درو وہم آیدت ہر دو سوے خیالے زایدت

از نیستان تا مرا ببریدہ اند از نفیرم مرد و زن نالیدہ اند درد سے تڑپیں جو انسان خاک پر رشک سے رو دیں ملک افلاک پر

یہ لکھا عطار نے سن اے حبیب قدسیوں کو یہ نہیں رتبہ نصیب قدسیان را عشق ہست و درد نیست درد را جز آدمی درخور نیست

درد اسکو کہتے ہیں اہل عقول ماسوا اسکے نہیں سن اے جہول جاہلوں کے قول پر مت کر نظر حاصل اسکو کر اگر ہے با خبر

سن امام اولیا عطار سے لگتے تھے یہ سدا استار سے کفر کافر را و دین دیندار را ذرۂ دردِ دل عطار را

دیکھو فرماتے ہیں مولانا ے روم قدر کب جانے ہے اسکی جغد بوم ای خنک چشمے کہ آن گریان اوست دی ہمایون دلی کہ آن یار دوست

دربیان جذب کہ بغیر محبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیچ فائدہ نکند

ہو اگر جو شرع احمد کا نثار درد اسکا راست ہے اور باوقار جو خلاف آنجناب پاک ہے درد اسکا سر بسر خاک ہے

قولہ تعالےٰ ومن یطع الرسول فقد اطاع اللہ

جو خدا انکا وہ مولا کا خدا — ہے وہ اطاع اللہ فرمان خدا
جسنے کی انسے محبت ای حبیب — نور وحدت ہوگیا اسکے نصیب

جس زمین پر نقش ہون انکے قدم — اسکو چومین سب ملایک دمبدم
ہووے جس جا پر لکھا حضرت کا نام — اولیا آنکھین ملین ہر صبح و شام

حب احمد سے ہی بس وصل خدا — کیون نہین ہوتا دلا انپر فدا
مصلقہ ہو دل کا حب مصطفےٰ — بے محبت کے نہو دل پر جلا

جسکو حب مصطفےٰ حاصل نہین — بالیقین وہ ہی لعین ہی لعین
گرچہ وحدت کا کرے سو سو قرار — بے محبت کے نہین ہوتا شمار

حدیث شریف لا یؤمن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین

حب انکی شرط ایمان ہی ہے — ہے یہ مضمون حدیث معتبر

حدیث شریف من رآنی فقد رای الحق

من رآنی کو تو پڑھ لے عزیز — جب تجھے ہو شان احمد سے تمیز
پر نہ ہے نسبت کے ہوس شعور — کیونکہ جاہل ہین تو دل کے کور

یہ خطور دل جانین ای حبیب — جب تلک کامل نہو نسبت نصیب
لیک نسبت تین ہین ای نازنین — جسکو حاصل ہین وہ ہی مرد دین

ایک بھی گر ترک ہے تجھسے حبیب — نور وحدت سے ہے تو بے نصیب
انکو لاوے جب بجا جی جان سے — پھر تو پاوے کچھ مزا ایمان سے

ماسوا اسکے نہین ہوتا حصول — جو کرے اسکے سوا وہ ہی فضول
چوب کو بھی دیکھ نسبت با رسول — ہجر سے رویا وہ مثل ذی عقول

دربیان ستون چوب حنانہ

تھا ستون چوب حنانہ بنام — اس سے لگ کے بیٹھتے خیر الانام
ہجر سے حضرت کے رویا اسقدر — جیسے روے طفل بے مادر پدر

سسکیان بھر بھر کے کہتا تھا میں فدا — یا نبی اللہ نہو مجھسے جدا
جب ستون چوب کو یہ درد ہو — حیف ہی انسان اگر تو سرد ہو

چوب مین تاثیر ہے اب تک بسر — مولوی کے قول پر کر تو نظر
بشنو از نے چون حکایت میکند — وز جدائیہا شکایت میکند

وائے بدتر چوب سے ہم ہین بسر — جنس سے اپنی نہین ہمکو خبر
خاص نسبت ہے ہمین انسے سلیم — بحر وحدت کے جو ہین در یتیم

باوجود اسکے نہین ہم مین اثر — جیسے رکھتی چوب ہی عالی گہر
کیونکہ جب چھوا نبی نے ای ستون — چاہتا کیا ہی بتا ای ذو فنون

تب کہا انسے کہ ہون سب سے جدا — اور رہا ہون با لقای مصطفےٰ
دیکھ ہمت چوب کی ای بے بصر — ہو گئی طالب بقا کی سر بسر

گر نہین نسبت تجھے با مصطفےٰ — تو ہے بدتر چوب سے ای بے حیا
لیک اسمین نکتہ ہے باریک تر — یاد رکھو اس بات کو عالی گہر

یعنے طاعت اور محبت اور رہ — گرچہ ظاہر سب کا ایک ہی طور رہ
یا کہ قولی یا کہ فعلی ای پسر — بے محبت ذات کے سب بے اثر

یہ محبت کی ہے صورت ای حبیب — جان ہے لیکن یہ صورت بے نصیب
یہ ہین دونون پوست بے مغز ای فتا — گر نہین نسبت تجھے با مصطفےٰ

اسکو پیدا کر اگر ہے ذی شعور — جب تجھے ہو نور وحدت سے حضور
دیکھ حنانہ کو تھا عشق رسول — ہجر سے رویا وہ مثل ذی عقول

دیکھو تھا یعقوب یوسف کے ساتھ — روتے روتے دھوئے بینائی کے ہاتھ
دیکھ تھا صدیق کو با مصطفےٰ — جان و مال اپنا کیا انپر فدا

دیکھ تھے عاشق عمر عالی وقار — کر دیا بیٹے کو سنت پر نثار
دیکھ تھا عثمان با حلم و حیا — قتل تک وہ عاشق احمد رہا

دیکھتے تھے حضرت علی دار الگھر
جان جانے پر نہ کی کچھ بھی نظر

دیکھ تھے حضرت بلال ذی نقول
جان دیگر کی تمد ہو حصول

حکایت حضرت بلال رضی اللہ عنہ

گوش دل سے یہ حکایت سن عجب
تاکہ ہووے درد دل بالعجب

اک صحابی نبی والا تبار
نام تھا انکا بلال باوقار

عاشق احمد وہ والا شان تھے
جان و دل سے اپنے وہ قربان تھے

کوئی دم حضرت سے ہوتے گر جدا
سرزمین پر لوٹتے وہ جابجا

اسقدر نسبت تھی انکو با رسول
گوش دل سے سن ذرا ای بوالفضول

بعد وصل رحمۃ للعالمین
آئے زیارت کے لیے وہ مرد دین

جب پڑی انکی مدینہ پر نظر
گر پڑے بیتاب دل سے آہ بھر

خاک میں غلطان مگر با درد و غم
یہ ندا کرتے تھے ای شاہ امم

ہیں کہاں نعلین تیری نور عین
دیکھنے سے جنکے عشاقوں کو چین

دے دکھا مجکو ذرا ای میرے حبیب
آنکھ کو اس سے ملون تسکین بے نصیب

یعنی دو اپنے کف پا تم دکھا
تا کروں میں جان و دل اسپر فدا

کہکے یہ پھر رو اٹھا وہ بھر کے آہ
کس طرح حاصل ہو ای شہ پناہ

میری قسمت ہی کہاں ای نبی العلا
تیری نعلین پہ ہوں جان فدا

گفتگو یہ کر کے با سمت مزار
بس وہاں آن سے ہوا با چشم زار

جبکہ پہونچا وہ مزار پاک پر
گر پڑا بیتاب ہو کر خاک پر

آب بن ماہی ہو جیسے بیقرار
اس طرح پر وہ تڑپتا دل فگار

دیکھ کر یہ حال اصحابی تمام
گرد و پیش اسکے ہوئے سب خاص و عام

کوئی کہتا ای بلال دردمند
صبر کر اسجا پہ تو ای ہوشمند

کوئی کہتا ای بلال ذی شعور
کیا چلا تو بھی پیمبر کے حضور

کوئی کہتا ای بلال پر شرر
حال سے اپنے ذرا دے تو خبر

تب لگا کہنے یہ وہ اندوہگین
کچھ نہ پوچھو حال ای اہل یقین

کیونکہ جلجاوے زمین و آسمان
گر کروں میں سوز دل کا کچھ بیان

تین دن تک وہ رہا با وجد و حال
پھر گیا مسجد کو وہ ای با کمال

پیشتر تھا وہ موذن نامدار
بانگ پر جسکے ملک تھے جان نثار

جب گئے مسجد میں یاروں نے کہا
بانگ اب پھر دیجیے بہر خدا

وہ زمانہ پاک جس میں تھے رسول
آج پھر ہمکو سنو ہو حصول

کہکے یہ سب آ گئے ای مصطفا
وصل اپنا دیجیے بہر خدا

زندگی ایسی ہے اب تم بن خراب
یاریوں کو بھی نہ ہوگا یہ عذاب

جیسے تم پوشیدہ ہو شمس جمال
ماہ کے مانند اپنا ہے زوال

کوئی پرسان ہے نہیں اب عشق کا
کوئی پرسان ہی نہیں اس وجد کا

گفتگو کرتے تھے یہ جب ہمدگر
شق ہوتے تھے جگر انکے پسر

یہ شکایت جان سے کرتے تھے بلال
دوست بن آتی ہے کب خوش حال دل

جان سے کہتے کیوں ہے تو بے خبر
چشم ایمان کا گیا نور البصر

یہ کیا تو نے غضب ای بے نصیب
کس طرح یاں پر رہی تو بے حبیب

کیا کروں میں حکم حضرت کا نہیں
ورنہ کرتا ذبح تجکو میں یہیں

تو نے کی مجھسے دغا کیا بیوفا
حشر میں ہاں دیکھیو تو اسکی سزا

نور احمد پر فنا ہوتی اگر
زندہ ہوتی با بقا ای بیخبر

سخت حیران ہو کہا پھر ای الہ
تو دکھا اسکو جو ہے اسکی پناہ

کیجیو تو عفو کی مجھ پر نظر
رد یہ سمجھا نہیں کوئی بشر

یا الہ العالمین میں ہوں غلام
جان نکلے میری یا خیر الانام

جب کہا یہ عاشق معبود نے
رو دکھایا شاہد مقصود نے

غیب سے آئی ندا سن ای بلال
یہ مقام قرب ہی مت کر ملال

کوئی دم باقی ہی تیری فصل کا
ڈر نہیں ہے یہ زمانہ وصل کا

آخرش دی بانگ با سوز حزن
رو پڑے سارے وہاں کے مرد و زن

پڑھکے لا کو یوں کہا پھر وہ نگار
تجھ سوا کوئی نہیں ہے کردگار

پھر کیا الا کا ظاہر جب بیان
نور وحدت ہو گیا سب عیان

جبکہ پہونچے نام احمد پاک پر
عرش کے ساکن دیتے تھے ندا
یون لگے کرنے دعا انٹر و الجلال

شمع سان جلکر گرے نکلی ہے جان
قالوا انا تم پڑھو شب ہر بلا
درد ہمکو کر عطا شل بابال
درد سے انکار جسکو آئے کیا

دیکھ کر تھرا گیا عرش برین
دیکھ کر یہ حال اصحاب کبار
اب لکھ عاجز وہان کا سوز و درد
وہ ہر شیطان شکل انسان بیجا

عاشق صادق اگر ہے بینوا
گر پڑے فرش زمین بیتاب
رقص مین آجا کہین اہد یہ درد

دربیان سوز و درد خلیفہ برحق حضرت ابوبکر صدیق

سوز دل صدیق کا سن اے تو ہم

تاکہ ہو و درد دل سے باخبر
زاہدان خشک ہت کر خیال

استقدر تھا درد و سوز صبح ابر
درد دل حاصل تو کر ازی خصال

دل سے آتی تھی سدا بو کباب

دربیان سوز و درد حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ

دیکھ کیا باورد تھے حضرت علی
رفت موسے باز آمد باشتاب
گفت پندارم ز درد کار خویش

یہ لکھا عطار نے سن اے اخی
گفت پیغمبر ہست نیست حب
مرتضے با چاہ گفت اسرار خویش

مصطفے جانے فرود آید بہ
مصطفے چون این سخن از وی شنید
چاہ خون شود زان تابش بود

گفت آب ریکبر از چاہ
آن زمان انگشت باو دندان گزید
لاجرم پر خون شدہ آلش بود

دربیان سوز و درد خلیفہ برحق حضرت عمر

درد دینے خوف تھے ایسے عمر
تھا یہی ابن عمر کا حال زار
ہے یہ تحفی کی روایت جان ہین
پڑھ چکی جب وہ نماز کبریا
جب سنا یا مین نے قران مجید
آسمین ہر تفصیل سے سبھا انکار
کیونکہ یہ ہے معجزہ قران کا
منحرف اسکا جو ہے شیطان ہے

سن لو واقع گر پڑے وہ آہ بھر
پڑھ کے یوم گر پڑے وہ آہ مار
قریہ کوفہ مین تھی اک پیرزن
عجز سے مین نے سلام اسکو کیا
آہ بھر کر گر پڑے ہو کر شہید
دیکھ کر اسمین تو کر کچھ تیں قال
ہو شکستہ سن کے دل انسان کا
کیونکہ سنکر عظمت حق جان ہے
وہ نہین ہو سن حقیقت ہے یہ سخم

خشیت حق کا ہوا ایسا اثر
اک صحابی تھے زار زار وقار
وہ کھڑی پڑھتی وہ اق تعالی کلو
مجھسے پوچھا تجکو قران یاد ہے
اس نمط کے دیکھ اصحاب رسول
تو نہین قائل ہے اسکا نالکار
بلکہ تاثیرات قران بالیقین
بلکہ بد تر کا فرو سے وہ لعین
عظمت حق سے جو خالی ہو شہ

اک مہینے تک ہے وہ بخبر
پڑھ کے قران ہو گئے حق اختیار
عشق حق سے وہ ستود نیکند
پڑھ ذرا اس سے مرا دل شاہ ہے
جا کہا میں نے تو اہی مرد فضول
روبرو حق کے تو ہو گا شرمسار
سنکے بیخود ہوتے کفار لعین
سخت دل نے زبان وہ بالیقین

قولہ تعالی انما المؤمنون الذین اذا ذکر اللہ وجلت قلوبہم واذا تلیت علیہم ایتہ زادتہم ایمانا

انماہم مومنون کی شان مین

آیا یہ عقر ہے قرآن مین
جستجو کر دیکھ کیا ہے سوز کا

عاجز اگر تو دعا ہے خدا
یہ کھلے ہر راز کبے اہل راز

تا کہ حاصل وہ ہو تجکو درا

حکایت حضرت موسے و درویش عاشق

ایک دن موسے نے کی حق سے دعا
جب گئے موسے تو دیکھا ایک مرد
جلد موسے نے کیا اُسکو سلام
یا کہ اسمین زہر کچھ ای جوان
نام حق سن عاشق حیران نے
دیکھ کر یہ عاشق صادق کا حال
حکم آیا ہین بہت ای با وفا
درد کیا ہی وصل کا پیغام ہی

خاص بندے اپنے دے مجکو دکھا
تن برہنہ کوہ پر آلودہ گرد
کچھ نہ پایا ہو سو اُس سے کلام
راستی سے کر ذرا ہمسے عیان
جان سے دھوئے ہاتھ آتش بجان نے
پھر کیا موسے نے حق سے یہ سوال
نام پر کردین یہ گروہ جان نثار
درد کیا ہی وصل کا انجام ہی
کیونکہ جسکے دل مین ہو اُسکا اخر

تب ندا آئی کہ موسے کر سفر
تھا زبان دل پہ آپکے ذکر ہو
پھر کہا موسے نے ای مست خدا
ہم کرین تیرے لیے حق سے دعا
آہ بھر کر گر پڑا وہ خاک پر
ایسا عاشق اور بھی ہی کیا ای خدا
جو کہ ہین دیدار کے مشتاق تر
یا الٰہی درد کر مجکو عطا
اُس سے بھاگین سب جہنم پر اثر

جا فلانے کوہ پر کر تو نظر
شور تھا ہو کا وہان پر سو بسو
ہو سے ہی دیدار تیرا مدعا
تا کہ حاصل ہو وے تیرا مدعا
روح نے پرواز کی افلاک پر
نام سن تجھپر کرے جان کو فدا
درد انکی ہی غذا ای باخبر
جیسے رکھتا درد یہ تیرا گدا

حکایت حضرت خلیل الرحمن علیہ الصلوٰۃ والسلام

یہ حکایت گوش دل سے سن پسر
آگ مین نمرود نے پھینکا انھین
یون کہا اُنسے کہ کچھ فرمائیے
یون دیا پھر عاشق حق نے جواب
ایکدم اُسکا اگر دیکھون ہی

جب مجھے ہو درد حق سے کچھ اثر
آتش سوزان مین پھر رکھا انھین
آپ کو حاجت ہو جو بتلائیے
حضرت جبریل سے کہکے خفا
عرش سے تا فرش جلجاوے ابھی

جب خلیل اللہ کے عاشق ہوئے
آپ جبدم معلق تھے خلیل
ہم کرین رب سے تمہاری کچھ خبر
تیرے دل مین شعلہ زن ہو نار ہی
ماسوا حق کے نہین رکھتا امید

عشق بازی مین جو صادق ہوئے
آئے انکے پاس اُس دم جبرئیل
تا کہ تمکو نار سے وہ دے بچا
آتش نمرود کیا مردار ہی
رب سب جانتا ہی دل کا بھید

قولہ تعالیٰ قلنا یا نار کونی بردا و سلاما علی ابراہیم و ارادوا بہ کیدا فجعلنھم الاخسرین

آخرش کو جب ہوئی وہ سرد نار
جا کے بیٹھے تختۂ گلزار پر

در صفت درد

درد کیا ہی مایۂ پیغمبران
درد کیا ہی ہی سلیمان جہان
درد کیا ہی سب سخون کی شاہ ہی
درد کیا ہی نور ایمان ای عزیز
یہ لکھا عطار نے عالی سخن
درد حاصل کر اگر ہی ہوشمند

درد کیا ہی ہادی ضالان
سب پہ پیدا یون کا نسخہ بیگمان
درد کیا ہی عاشقون کی جان ہی
اسکو حاصل کر اگر ہی با تمیز
گوش دل سے سن ذرا ای جان من
معرفت کے بام کا یہ ہی کمند
انکے دل پر تنگ ہی ایسا عزیز

درد کیا ہی رہبر ایمان ہی
درد کیا ہی قاصد دلدار ہی
درد کیا ہی بحر وحدت کا دُر
درد کا کیا وصف مجھسے ہو بیان
ہر کجا این آتش آید کار ساز
زاہدون کے قال ہیت کر رہا حال
حق و باطل کا نہین انکو تمیز

درد کیا ہی قاتل شیطان ہی
درد کیا ہی راز دار یار ہی
آسمان معرفت کا ہی یہ نور
ہر کہان ایسی بھلا اپنی زبان
زر آتش دوزخ کجا ماند اثر
انکو بگٹا نفس نے با صد ضلال

قولہ تعالیٰ كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ

دیکھ بل ران کو قرآن میں	جو کہ فرمایا ہے انکی شان میں

در بیان مذمت زاہد خشک

دیکھو زاہد یہ حدیث مصطفیٰ	سخت دل ہیں دور از قرب خدا
کیونکہ تم اخلاص سے از بس ہو دور	جان و دل سے تا کہ ہو اس سے نفور
درد کی لذت سے ہو نا آشنا	سچ ہے خر کو زعفران کی قدر کیا
کیا ہو گر عابد و زاہد ہے تو	پر نہیں اخلاص کی اے زشت خو
کیا ہوا گر حج کیا حاجی ہوا	شہر کا یا مفتی و قاضی ہوا
کیا ہو گر تو ہے عالی خاندان	مثل شیطان فخر کیا اے بدگمان
نفس نے اعمیٰ کیا تجکو نہان	ضد حق تجھ پر کیا اُسنے عیان
یہ نہ سمجھا دلمیں تو اے بے بصر	درد سے خالی نہیں کوئی بشر
یہ ہے عالم سر بسر مستی و شور	لیک کب دیکھیں ہوں جو چشم کور
یعنی نسبت جسکی ہو جس سے بسر	درد اسکو اُس سے ہے آئی خبر
زاہد و انصاف سے دیکھو اگر	مکر ہیں دعوے تمہارے سر بسر
تم فقط اک نقشۂ تصویر ہو	سادہ دل ہو اور بڑے بے پیر ہو
کیا ہوا گر ریش کی تو نے دراز	خود پسندی سے نہیں آتا ہے باز
کیا ہوا گر حافظ قرآن ہے	خلق میں تیری بڑی کچھ شان ہے
کیا ہوا گر تو ہوا پیر و مرید	اور کہتے ہیں تجھے سب بایزید
گر مطیع نفس ہے اے بے خبر	سب حاصل تیرا غارت سر بسر
جو شکستہ دل ہیں یا ہیں پر ملول	اُنپہ خندہ زن ہے کیوں اے بو الفضول
سُنکے سعدی کا کلام پُر اثر	ہو نے قدر درد سے تجکو خبر
درد سے خالی نہیں کوئی یہاں	لیک نسبت میں تفاوت ہے میاں
یہ حکایت گوش دل سے سن حبیب	فہم حق ہے تا کہ ہو تو بالنصیب

حکایت پدر مجنون و پدر لیلیٰ

ایک دن الفت سے مجنون کا پدر	لیکے مجنو کو گیا لیلیٰ کے گھر
یعنی اپنا قیس کو داماد کر	اُسکے دل کو رنج سے آزاد کر
تب دیا اُسکے پدر نے یہ جواب	یہ نہیں ہے راے تیری با صواب
جو لکھا تقدیر میں اُسکے ضرور	ہوتا ہے مجنون ہو یا ذی شعور
باپ نے پھر دی ندا ہو کر اداس	آ او نور العین اک دم میرے پاس
گر پڑا بیتاب ہو کر دل حزین	مارتا تھا وہ پڑا سر بر زمین
دیکھ کر دامان لیلیٰ ہے یہ حال	اُسکو گر دیکھے تو جینا ہے محال
ہو یہ پر تاثیر جب دامان زن	نام احمد سے تو کیوں ہے خندہ زن
یا کہ ہووے جیسے نسبت با سیر	یا کہ نسبت جیسی ہو با سیم و زر
نسبت احمد سے خالی تو دلی	اسلیے کرتا ہے تو خندہ زنی
آپ نسبت سے ہی خالی ہر دلی	صاحب نسبت پہ کیوں خندہ زنی
والد لیلیٰ نے اُسنے یوں کہا	قیس کو زندان غم سے کر رہا
اسوا اسکے نہیں کچھ تجکو کام	رحم کر اس طفل پر اے نیکنام
رحم کا باعث ہے جو کرتا نہیں	ورنہ میں مجنون سے کچھ ڈرتا نہیں
گر نہو تمکو یقین اے اہل دین	دیکھ لو تم آپ از عین الیقین
جب اُٹھی لیلیٰ تو دامن پر نظر	جا پڑی مجنون کی اسدم بیخبر
پھر کیا لیلیٰ کے والد نے کلام	دیکھ لے مجنو کو تو اے نیکنام
اسلیے رکھا ہے اُسکو اس سے دور	تا نہ جاوے جان سے یہ بے شعور
ایسی نسبت پر تو پیدا ہوا اخی	جیسے مجنون کو تھی لیلیٰ سے دلی
یا کہ نسبت ہے تجھے جیسی بزن	ہے نبی سے سچ بتا اے سنگ تن
آپ اپنے عیب پر کرتا ہے ان	اسقدر اندھا ہوا اے بد زبان
زنگ دل اُسکا یہ سبب ہے اے حرون	عقل تیری ہوگئی ایسی زبون

جسکے دل میں ہے غرض اے عزیز — حق و باطل کا نہیں اسکو تمیز
گردوا اسکی شتاب ہے شعور — جب تجھے ہو نام احمد سے سرور

دربیان طالب کاذب

یعنی نسبت کرو حاصل تجھا دل — تا نہ ہو شرمندہ پیش ذوالجلال
کیونکہ یہ محشر میں پوچھے گا خدا — مجھسے نسبت تجکو یا مصطفا
یا کہ تھی پیر ولی سے اے حبیب — یا کہ ان تینوں سے تھے تم بے نصیب
سنکے پھر بولیں گے اے پروردگار — عشق سے تیرے تھے ہم سب دلفگار
کوئی بولے اے الٰہ العالمین — نسبت احمدؐ تھی مجکو بالیقین
کوئی بولے اے خدا اے دادگر — ڈھونڈھتا پھرتا تھا مرشد دربدر
کر چکیں جب سب کے سب یہ گفتگو — حکم ہو مجنوں کو لاؤ روبرو
جبکہ ہو وان عاشق لیلی کھڑا — حق کہے انکو کہ دیکھو تم بھلا
کون ہے کسکا ہے عاشق یہ جوان — جانتے ہو اسکو تم اے عاشقان
سب کہیں مجنوں ہے یہ اے حق عزیز — عاشق لیلی ہے یہ مرد حزین
عشق لیلی کا ہے اسپر یہ اثر — جان و تن سے کچھ نہیں اسکو خبر
صورت لیلی کا از بس ہے عشق — بحر غم میں اب تلک ہے یہ غریق
گریہ و زاری و آہ دل فگار — یہ غذا ہے اسکی اے پروردگار
سنکے فرماوے خدائے ذوالجلال — عاشق لیلی کا دیکھا تمنے حال
کوئی تم میں سے بھی ایسا ہے بھلا — غور کر دیکھو تو تم اے بے حیا
خشک تم سب کا ہے کب ایسا بدن — جیسے مجنوں کا ہے دیکھو پیرہن
کھینچا لاکھوں بار ہے غم یا تعب — واسطے لیلی کے دیکھو یہ عجیب
کب تمھارا دل تھا ایسا بیقرار — جیسے مجنوں عشق سے تھا اشکبار
کب کیا ہے پیر لیے گریبان کو چاک — کب ہوئے پیر لیے تم دردناک
کب ہوئے پھرتے لیے بے خواب و خور — کب پھرے ہو تم خوار و خستہ دربدر
کب ہوئے پیر لیے تم چشم نم — کب پھرے روتے ہوئے با درد و غم
کب ہوئے پیر لیے اندوہگین — جیسے فرقت سے ہے پیر کے یا معین
پیر کی خاطر کیا ہستی کو خوار — مفت میں عاشق بنے تم نابکار
ترک تمنے کب کیا مال و منال — کب ملا یا خاک میں جاہ و جلال
واسطے روٹی کے در در تم پھرے — سگ نمط پھر پھر کے آخر تم مرے
مثل روٹی کے نہ تھا پیر الخیال — نسبت حق کا یہی ہوتا ہے حال
تمنے جو سیکھا تو سیکھا نام کو — یا کہ سیکھا نفس کے آرام کو
گر پڑھا تمنے تو علم بے عمل — بیشک و لاریب تھے تم سب دغل
کیونکہ نیت میں خلل جب ہو پدید — پھر عمل ہو کسطرح تمسے سعید
اس خلل کی کچھ نہ کی تمنے دوا — وقت ضایع مفت میں تمنے کیا
کیا نہ سمجھے ہمنے دانا تھے لبیب — نبض باطن دیکھنے والے طبیب

قولہ تعالی حسن اولئک رفیقا

دیکھو بلفظ حسن قرآن میں — ہمنے بھیجا ہے انھوں کی شان میں
بنگئے ظاہر میں تم از بس سعید — پر نہ دیکھا دل کو کیوں ہے پلید
عیب پوشیدہ کیا تاویل سے — یا کہ پوشیدہ کیا تعلیل سے
نیک سمجھے سارے اپنے حال کو — چلنا سیدھا جانا الٹی چال کو
اسلیے سیکھا تھا تمنے قیل و قال — نقص تھے جن پوشیدہ ظاہر ہو کمال
یہ نہ سمجھے دل میں تم اے نابکار — ظاہر و باطن سے واقف کردگار
کیا نہ سیکھی تھی نبی کی یہ حدیث — اس سے ظاہر ہے کہ تم ہو خبیث
لیئے جسکے دل میں کچھ ہو وے خلل — ظاہر اسکا سب ہے اخلاص ہے دغل

قولہ تعالی لا ینفع مال و لا بنون الا من اتی اللہ بقلب سلیم

کیا نہ دی تھی ہمنے قرآن سے خبر — ہے سلیم القلب پیر کی نظر
کیا نہ کی پیر اولیا نے گفتگو — دل ہو صفا تم کرو نہ زشت خو

لا بنون جس دن نہ نفع دیگا مال اور
نہ اولاد [illegible]
[illegible] دل سلامت [illegible]

بلکہ دشمن جانتے انکو تمام
اور غیبت انکی ہم کرتے مدام

کوئی کہتا حال انکا ہے ریا
یہ نہیں واقف ہے از راہ خدا

کوئی کہتا یہ خلاف دین ہے سب
کیا ہوا اگر کچھ ہین ویسے باادب

سنکے یہ ارشاد حق ای جان من
گر پڑین بیتاب ہو اب مرد و زن

کوئی کہتا ہے ساحر بالضرور
چاہیے رہنا انھون سے جسکو دور

کوئی کہتا کچھ نہیں مجنون ہے
کیا ہوا اگر تابع مسنون ہے

اسطرح کی ہم خرافاتین تمام
اسنے نسبت کرتے تھے ای نیک نام

اسلیے لازم ہے تجکو ای گدا
مثل مجنون ہو خدا پر تو فدا

دربیان محترز شدن طالب حق از صحبت بیدردان

بے محبت کے نہ جا نزدیک تو
یہ محبت کے ہین دشمن زشت خو

اس سے واقف و اصل محبوب ہے
یعنے الفت سے نہ جو محجوب ہے

ہو اگر تو خار الفت سے ہو گل
ہو اگر سرکہ تو الفت سے ہو مل

از محبت نار نوری میشود
از محبت دیو حوری میشود

یعنے پڑھو تو یہ حدیث مصطفا
وصل حق تجکو ہو جب ای باخدا

یہ نہیں تاثیر الفت کے سقر
بلکہ جانین عین الفت کو شکر

کیا محبت یعنے ہے کان نمک
جو گرا اسمین ہوا جان نمک

سو وہی لکھتے ہین کیا شیرین سخن
دور سننے سے ہو تلخی از دہن

اسکو حاصل کرکے چل تو یہ طریق
جب تو ہووے بحر الفت مین غریق

حدیث شریف مَنْ عَرَفَ نَفْسَهُ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهُ

یعنے دل سے سن عرف پر کر عمل
جب جاوینگے دل سے سب خلل

دربیان امراض باطن کہ چہار اند و مہلک طالب حق اند

چار ہین امراض باطن بس عظیم
بیشتر انکی دوا کر ای سلیم

حدیث شریف لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ قَلْبُهُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ مِنْ كِبْرٍ

اولا ہے کبر یا دیگر ہے ریا
سخت یہ چارون ہین ہا ہو ای فتا

یہ شریعت مین ہین چارون بس حرام
نزد حق یہ مثل خمر ای نیکنام

کیونکہ یہ ہے کبر وصف ذوالجلال
غیر کو لازم ہے کب ای خوشخصال

دیکھ کیا لکھتے ہین مولانائے روم
واقف ہر رمز دانائے علوم

تیسرے ہے کینہ چوتھے حرص وار
ایسے پیدا اور ہوون ہی بانیاگر

مرتکب اسکا اگر ہے پارسا
وہ نہیں ہے پارسا نزد خدا

بلکہ یہ ہے سری ظاہر بسیر
لیک ظاہر مین نہین اس سے خبر

کمتر از کم شو اگر داری خبر
این طریق کاملانست ای پسر

دربیان دواے امراض مذکورہ یعنی تکبر وغیرہ

گوش دل سے سن حدیث مصطفا
ہے یہی امراض باطن کی دوا

کیا ہے وہ پیدا ہے جس سے تو دنی
دیکھ وہ ہے قطرۂ آب منی

وان غذا ہے حیض خون کی روز و شب
پرورش جس سے ہوا تو باادب

باوجود اس اصل کے تو دمبدم
نفس پر کرتا ہے کیون اپنے ستم

یعنے دنیا سے تو جاوے جب گذر
دفن ہو گا قبر مین گھر چھوڑ کر

یعنے کر تو اصل پر اپنے خیال
تاکہ ہووے دور کبر ای خوشخصال

صلب والد سے رحم مین تو گیا
نطفۂ خون وان بنا تو بے حیا

بول کے مخرج سے آیا پھر نکل
اصل تیری دیکھ یہ ہے ای دغل

یہ تو تیری ابتدا کا تھا بیان
انتہا سن لے ذرا او بدگمان

یہ ندا ہو آسمان سے آشکار
قبر مین تنہا چلا ای نابکار

وہ کہاں ہی سیم و زر ای بے شعور ‏ جس سے دنیا میں تو کرتا تھا غرور
تجکو چھوڑا سب نے تو بھی سبکو چھوڑ ‏ کیوں چلا تنہا سبھوں سے دل کو توڑ
کیا تو لایا روشنی میرے لیے ‏ کیا بچھاؤں فرش میں تیرے لیے
کیونکہ یہ تاریک تر ہی تیرا گھر ‏ سانپ بچھو کا یہاں از بس خطر
کہکے یہ پھر قبر دکھلاویگی جوش ‏ تو تو کیا اڑ جائینگے دو دن کے بھی ہوش
یعنے آوے قبر کو جس دم سے عال ‏ اصل تیری دیکھ یہ ہی نابکار
علم یہ دیگا وہ رب العالمین ‏ دے حرارت سے جلا اسکو زمین
کیونکہ وہ کہتے تھے ہمسے روز و شب ‏ اسکو کرتے آج ہوتا فضل رب
رحم کر مجپر ذرا اے بہر خدا ‏ گو کہ مدت سے ہوں میں تجھسے جدا
کیا نسبت مجھسے تجکو ای بشر ‏ مصطفا تجھمیں تو ہی سر بسر
ہی تنفر سبکو تجھسے اس گھڑی ‏ ایسی نکلی تن سے تیرے بو سڑی
یعنے کرتا من عرف پر گر عمل ‏ اصل میں تیرے نہوتا کچھ خلل
دوستی گر خاک سے کرتا بسر ‏ آج ہوتا پائیہ تو شمس و قمر
یہ دعا کرتے تھے دیکھو مصطفا ‏ یعنے مسکینوں میں رکھ مجکو خدا
یعنے مسکینوں سے ہوتا ہمنشیں

وہ کہاں فرزند و زن تیرے انیس ‏ جسکی خاطر ہمسے تھا تو بے خبر
سنکے یہ آواز اٹھ جاوینگے ہوش ‏ قبر جب تجھسے کہے کیوں ہی خموش
کوئی یاں لایا ہی تو اپنا رفیق ‏ جو کہ ہووے حال پر تیرے شفیق
یاں بلا میں سخت ہیں لاکھوں ہزار ‏ کسکی طاقت جو کرے انکی شمار
بعد اسکے پھر سڑے تیرا بدن ‏ بوے بد ایسی ہو ظاہر جان من
پھر کہیگی قبر حق سے یوں دعا ‏ تنگ تر ہوں اسکی تو ای خدا
سنکے یہ حکم خدا ای بے نصیب ‏ یاد آوینگے تجھے وہ سب طبیب
ہو گئے عاجز قبر سے ای نازنین ‏ یوں کہے ہوں جنس تیری یا ...
ہو مخاطب پھر کہے اس بے تمیز ‏ تو نہیں ہی جنس میری یا ...
جانتا تھا اصل گر تو خاک کو ‏ خاک میں آیا تو کیوں نایاں ...
وان سمجھا آپکو تو خاکسار ‏ پلنگ سمجھے کچھ ہوا ای نابکار
وان تو تیرا جسم تھا افلاک پر ‏ کب تو سنتا تھا نصیحت خاک پر
یعنے بنتا خاکساروں سے عزیز ‏ اصل سے ہوتی تجھے جب کچھ تمیز
وہ تو شاہ انبیا ای بیخبر ‏ لیک یہ تجکو ہدایت ہی بسیر
تا نہ بھولے اصل کو ای نازنین

حدیث شریف موتوا قبل ان تموتوا

خاک ہو تو خاک ہو سے عزیز ‏ جب تجھے ہو اصل اپنے سے تمیز
خو نہیں ہی خاکسار ای خوبرو ‏ دیو ہی انسان نہیں وہ زشتخو
خاکساری مخزن الاسرار ہی ‏ خاکساری مطلع الانوار ہی
خاکساری سے ہوا پیر الکمال ‏ جس سے دیکھے تو جمال ذوالجلال
دیکھو فرماتے ہیں کیا وہ با ادب ‏ یعنی حضرت مولوی عالی نسب
خاکساری سے ہو مقبول خدا ‏ ہو تکبر سے تو مغضوب ای فتا
گشت آدم مقبل از مستغفری ‏ دیو ملعون گشت از مستکبری

دیکھو تو یہ اصل جب پر یہ غرور ‏ فوق ہی شیطان سے تجکو بالقصور
خاکساری شعشہ رحمان ہی ‏ بس تکبر ظلمت شیطان ہی
خاکساری بیخ ایمان ہی اجی ‏ کبر بیخ کفر ہی ای نیکدان
خاکساری کا ہی کیا ثمرہ عجیب ‏ پھول حد تاب سے نکلے ای حبیب
در بہاراں کی شود سرسبز سنگ ‏ خاک شو تا گل بروید رنگ رنگ
دیکھ فرماتے ہیں کیا شیخوں کے شاہ ‏ گوش دل سے سن فدا ای رو سیاہ
عاجزا کر ختم اب کر ومنی ‏ تیری کب سنتے ہیں وہ دیو دنی

در بیان سبب کبر کہ شش اند و معالجہ آن

چھ سبب ہیں کبر کے ای با خبر ‏ شرح اسکی گوش دل سے سن ذرا
مال و علم و زہد و تقوی و نسب ‏ حسن و قوت کہ کہے ہیں یہ سبب

یہ تو سب گل لیک اسمین کہ خار — خار کو کر دور گل سے ذی شعار
سن مفصل حال دنیا کا بیان — نیک و بد اسکا ہو تجھ پہ تا عیان
یہی دنیا جیفہ اور زشت و پلید — یعنی ہے یہ فضلہ خوان یزید
کیا ہی دنیا مار افعی ای پسر — زہر سے اسکے نہیں بچتا بشر
بلکہ بدتر مار سے بھی ای سعید — جان و ایمان کو ڈسے ہی یہ پلید
لیک افسون اسکا جسکو یاد ہی — حال دنیا سے فقط وہ شاد ہی
ورنہ اسنے کر دیے لاکھوں بشر — یعنی غارت مثل فرعون ای پسر
ہو گیا شداد و نمرود لعین — حق سے سنکر اسکے باعث بالیقین

حدیث شریف الدنیا ملعونۃ وما فیہا ملعونۃ الا بذکر اللہ

اسلیے حضرت نے دی سبکو خبر — یعنی یہ دنیا ہی ملعون سربسر
جو کہ اسکے بیچ مین ہی ای فتا — وہ بھی ہی ملعون دین مین برملا
دیکھ تو یہ مولوی نے ای پسر — کیا لکھا ہی دین سے ہو کر باخبر
اہل دنیا کافران مطلق اند — روز و شب در زق زق و در بق بق اند
اہل دنیا چہ کہین و چہ مہین — لعنت اللہ علیہم اجمعین
سب خطاؤن کی یہ سر ہی ای جوان — یہ حدیث مصطفے ہی بیگمان
کر گیا کچھ فخر اسیر ای پسر — تو ہی بدتر خر سے احمق سربسر
کیونکہ ملعون جسکو فرماوین نبی — فخر اسیر تو کرے دیوونی

حدیث شریف الدنیا جیفۃ وطالبہا کلاب

اسکا طالب ہے سگ بفرمان رسول — میرا کہنا کب تجھے ہوگا قبول
عجز کر جتنا کہ تجھسے ہو سکے — اب کھو جتنا کہ اسکو کھو سکے
دیکھیو یہ مولوی شیرین سخن — جابجا لکھتے ہیں کیا ای سگ کہن
کمتر از کم شو اگر داری خبر — این طریق کاملان ست ای پسر

در بیان حقیقت دنیا و بے ثباتی آن

کیا ہی دنیا یعنی ہی باغ خزان — تو ہی بلبل کی نمط ای بدگمان
اسکے طالب مثل بلبل نالہ زن — قبر سے کہتے اٹھینگے یہ سخن
ترک دنیا کر ای فخر جہان — تا کہ یاد وے فخر سے اپنے نشان
ترک دنیا کن کہ تا دینت بود — آن بدہ آنچ ست تا انیت بعد
دوست اسکا دشمن اپنی جان کا — بلکہ دشمن جان اور ایمان کا
مولوی نے کیا لکھا ہی یہ سخن — دیکھ تو بہتر ہی از در عدن
ہیچ گنجی بے دد و بے دام نیست — خبر بخلوتگاہ حق آرام نیست
ترک دنیا ہی طریق مصطفا — اس سے غافل کیوں ہی تو ای بیحیا
ہو دے جس سنت سے دنیا مین خلل — یا مشقت ہو کچھ اسمین ای دغل
گر کہے تجھسے کوئی کر یہ سخن — دشمن جان اسکا ہوا ای سگ کہن

خندہ گل کی طرح اسکو ثبات — بلکہ کمتر اس سے بھی ای نیک ذات
گر دولت آگہ ز معنی آمدہ ست — کار دنیت ترک دنیا آمدہ ست
جب تلک یہ ہی نہیں دین کا اثر — مولوی کے قول پر کر تو نظر
اسکی عزت عین ذلت ای جوان — اسکی ذلت عین عزت بیگمان
ترک مین راحت ہی اسکے ای پسر — اسکی الفت مین بلا ہی سربسر
حاصل دنیا ہمین و رد سر ست — ہر کہ غافل شد ازین گاو خر ست
ترک دنیا کن کہ تا سلطان شوی — ورنہ ہمچون چرخ سرگردان شوی
جس سے رغبت نفس کو ای بد دہن — وہ ادا کی جان سے تو بے سخن
یا کہ جانیں اس سے تجکو سب حقیر — یا کہ جانیں اس سے تجکو سب فقیر

حدیث شریف من ترک سنتی فلیس منی

جسنے چاہا دل سے سنت کو بڑا — وہ ہوا حضرت کی امت سے جدا
ترک کر دنیا کو تا ہووے ادا — مولوی نے دیکھ تو کیا لکھا

ہم خدا خواہی وہم دنیائے دوں — این خیال است ومحال است وجنون
جبکہ بھیجے ہیں حق نے انبیا — سب نے فرمایا ہے دنیا کو برا
باوجود اسکے تو اے زشت پلید — جانتا ہے دل سے دنیا کو سعید
بار اسے عاشقانہ پشت پا — گر تجھے ہے دل سے حب مصطفا
قبر عاشق سے اٹھیگی یہ ندا — مولوی نے مثنوی میں یون لکھا
ترک دنیا ہے سنت مصطفا — عاشقان کردند این سنت ادا
اے برادر ترک دنیا پیشہ کن — سعد و شقی اگر خدا اندیشہ کن
جانتا ہے کیا ہے دنیا اے پسر — جو کہ تجکو کردے حق سے دورتر
الذی کو دیکھ لے قرآن میں — اہل دنیا کی لکھا ہے شان میں
سو ہنر گر دل میں رکھتا ہے عزیز — ہے دنیا تجکو کردے بے تمیز
نقش دل کر مولوی کا یہ سخن — جب تو ہو دنیا سے واقف جان من
چیست دنیا ولباس مثنوی — از خدا غافل شدن اے مولوی

در بیان فضیلت ذکر و ذکر کنندہ و مذہب اہل غفلت

علم پڑھ کر حق سے غافل جو بشر — وہ سگ دنیا سے دون ہے اے پسر
کیونکہ شیطان ساتھ اسکے ہمنشین — جو کہ غافل حق سے ہو اے مرد دین
دیکھ نے مجرے کو تو اے بیخبر — یہ حدیث مصطفے ہے معتبر
جب تلک آ سکی نہیں کرتا دوا — سب میں ناقص علم ہے اے فتا
علم سے ہے غرض اے بے بصر — شر سے اسکے تا ہو انسان باخبر
جو کہ اسکے شر سے غافل اے جوان — گر ہو عالم پروہ جاہل بیگمان

قولہ تعالے من شر الوسواس الخناس

تو ہے مومن شر کو ڈر اے مرد سلیم — دیکھ فرماتا ہے یہ رب عظیم
یعنے ہے خناس تیری گھات میں — اور چھپا رہتا ہے تیری ذات میں
ہوئے خیال ہے یہ دل میں ہوشیار — جنکا یاد حق اور جسے ذکر شعار
دل جو خالی یاد حق سے اے جوان — خانہ شیطان ہے وہ دل بیگمان
پرحذر رہنا غافلوں سے اے پسر — دشمن ذاکر ہے یہ سب سربسر
صحبت غافل تجھے غافل کرے — صحبت شاغل تجھے شاغل کرے
جو ہے غافل وہ ہے مردہ اے اخوان — جو ہے شاغل وہ ہے زندہ بیگمان
وہ مرا ہے دوست شیطان سے حرام — یہ ہے زندہ تام حق سے اے کرام
یاد حق سے گر ہے غافل اے جوان — زندگی ہے موت تیری بیگمان
بلکہ بدتر موت سے یہ زندگی — کیونکہ حاصل اس سے ہے شرمندگی
یاد کر تو یاد کر تو یاد کر — غفلت اپنی یاد سے آزاد کر
اک نفس بیجا یاد گر جاوے جوان — ہے بتر سو موت سے وہ بیگمان
دیکھ فرماتے ہیں یہ اکبر مولوی — مثنوی میں اسطرح ہے اے اخی
غفلت از یکدم بیکن زمان صد مرگ دان — زندگی یاد دوست نزد عارفان
لیک جو ہیں گمرہ کر ہو خود پسند — وہ ہیں غافل ذکر حق سے مستمند
ورنہ ذاکر ہیں زمین وآسمان — دمبدم ہیں ذکر سے تر زبان
لیک سنتے ہیں انھوں سے اہل دل — وہ نہیں سنتے جو ہیں آب و گل
دیکھ فرماتے ہیں کیا وہ اہل ذوق — ذکر سے حاصل ہے جنکے دلکو ذوق
حق چھپا شد یاد آن دلہا کہ پاک — کی بیاید در دل او ہر مشت خاک
این جہان و آن جہان فانی بود — غیر یادش حیلہ نادانی بود
سب عبادتوں سے بہتر ذکر حق — پھر حدیث مصطفے سے پڑھ سبق
پھر کیا لکھتے ہیں وہ اے نیک نام — جو کہ گزرے دین میں عالیمقام
یاد او سرمایۂ ایمان بود — ہر گرا از یاد او سلطان بود
چیست سلطانی او درویشی ہمان — یاد آن جان آفرین انس جان
یاد او گر مونس جانت بود — ہر دو عالم زیر فرمانت بود

در بیان مذمت کسانیکہ اہل ذکر را بحقارت بینند

دی فضیلت حق نے ذاکر کو تمام	یہ حدیث مصطفےٰ ہی نیکنام	جو حقارت سے کرے اُنپر نظر	وہ ہی شیطان شکل انسان بسر

قولہ تعالیٰ و اخوانہم یمدونہم فی الغی ثم لا یقصرون

کیونکہ دشمن ذاکرون کا وہ لعین	یہ بھی ہی اُسکا برادر بالیقین	گر نہیں اُسکا برادر یہ بشر	دشمن ذاکر ہی کیون پھیر یہ تیر
طالبان ہرگز نگر انپر نظر	مدح و ذم انکے ہین دونون ضرر	مدح تیری خود کرے وہ ذوالجلال	انبیا بھی سب کرین ای خوش خصال
اولیا سب کرتے ہین یہ التجا	مولوی یہ دل سے دیتے ہین ندا	ہر کسے کو مائل یاد خدا است	خاک راہش توتیاے چشم ماست
انبیا کرتے ہین غبطہ ای پسر	رتبہ ذاکر سے سُن تو یہ خبر	جستجو کرتے ہین اُنکی سب ملک	ذاکرون کی بزم مین ہر فلک
ہمنشین انکا نہین ہوتا شقی	ہر شقی ہی اُنکا منکر ای تقی	مولوی فرماتے ہین جو دلون کا حال	گوش دل سے سُن فدا ای خوش خصال
ہان ہان ترک حسد کن با شہان	ورنہ ابلیسے شوی اندر جہان	ہر کہ با ایشان نشیند یکدمے	روز فردا او کجا دارد غمے
عمر ہا خواہان این دولت شدند	سالہا مشتاق این صحبت شدند	صحبت نیکان اگر یابی نصیب	دولت جاوید یابی ای حبیب
صحبت شان خاک را اکسیر کرد	لطف شان مر رہروی تاثیر کرد	سبز میسازند چوب خشک را	بوے ہی بخشند رنگ مشک را
جملہ اشراف اند در ذات و صفات	طالب ذات اند یا ہم عین ذات	ذاکران حق کا یہ ہی مرتبہ	معصیت نیکی سے بدلے ہی خدا

قولہ تعالیٰ فاذکرونی اذکرکم واشکروا لی ولا تکفرون

خود خدا کرتا ہی ذکر ذاکران	جسطرح کرتے ہین ذاکر ای جوان	ذاکرون کے ساتھ رب ذوالجلال	یہ ہی رتبہ دیکھ تو ای باکمال
شمس کی ہی روشنی ای خاک پر	ذاکرون کی روشنی افلاک پر	ذکر حق سے یہ فضیلت ای پسر	مولوی کے قول پر کر تو نظر
	بس ستون رکنہا ست اندر یاد او	یاد او کن یاد او کن یاد او	

قولہ تعالیٰ الذین آمنوا وتطمئن قلوبہم بذکر اللہ الا بذکر اللہ تطمئن القلوب

مطمئن ہی یہ ذرا دل سے جو ذاکر	یہ حقیقت ذاکرون کی ہی عیان	رنج راحت گر ہی ہوا ای پسر	ماسوا اسکے ہی دنیا سربسر

قولہ تعالیٰ ولقد کرمنا بنی آدم وحملنٰہم فی البر والبحر ورزقنٰہم من الطیبٰت وفضلنٰہم علیٰ کثیر ممن خلقنا تفضیلا

لفظ کرمنا کو پڑھ ای خوبرو	کیون بنا جاتا ہی خود تو زشت خو	تو تو وہ شہباز ہی سدرہ نشین	آشیانہ ہی ترا عرش برین
دیتے ہین تجھکو صفیر ہر فلک	ڈھونڈتے پھرتے ہین تجھکو ملک	خاک کے تو دام مین ایسا پھنسا	دیکھ کر شیطان بہت تجھپر ہنسا
کیا ہوا وہ رتبہ ای ابن البشر	جس سے تھے مخلوق سب زیر و زبر	تیرے تھے قربان سب ہی خاص و عام	کیون بنا آکر کے تو انکا غلام
عزت انسان نہین تجھمین ذرا	دیکھ تو یہ مولوی نے کیا لکھا	اسپ ہمت سوے آخر تاختے	آدم مسجود را نشناختے
باپ کے تیرے فرشتے سر نگون	تا خلف ہوتا ہی تو کیون ای حرون	تو نہین ہی آب آتش ای جوان	تو نہین ہی باد و خاک ای نیکدان
تو ہی بس اک امر حق ای ذی سیر	ایک عنصر کے ہی باعث پیچ پر	خود کو بھولا خاک جلا ذات کو	گرد باد ان سے سیہ ان رات کو
دیکھ تو ہی ہی گدا تو ہی ہی شاہ	دیکھ تو ہی ہی سرخ نور تو ہی سیاہ	دیکھ تو فرعون تو ہی منصور ہی	تو ہی مغضوب اور تو ہی مغفور ہی

توہی دشمن توہی اپنا دوست ہی ۔ توہی اپنا مغز توہی پوست ہی ۔ خود تو عاشق خود توہی محبوب ہی ۔ خود تو ظاہر خود توہی محجوب ہی

تو کبیر و تو صغیر و تو امیر ۔ توہی دانا توہی نادان تو فقیر ۔ ایک ہی تو ایک ہی تو ایک ہی ۔ پر نرالا تیرا ہر جا بھیک ہی

بھیک کے باعث ہی خود تو ای عزیز ۔ اصل سے اپنے ہوا تو بے تمیز ۔ خود سے غافل ہی یہ سر ہی ۔ لاکھوں ہی سنگ آپ سے تو دور ہی

جسکو جانے ہی وہ ہی خاک پلید ۔ اس سے نسبت کچھ نہیں تجکو سعید ۔ وہ سر ہر خاک ہی خاک کثیف ۔ تو سر نور ہی نور لطیف

مولوی نے یہ لکھا باز ور شور ۔ سنکے دام خاک سے تو دے توڑ ۔ قطرۂ نوری سراپا نور باش ۔ بگذر از غم دایما مسرور باش

اصل تیری دیکھ یہ عالی نژاد ۔ جا بجا فرماتا ہی رب العباد

قولہ تعالی فَاِذَا سَوَّیْتُہٗ وَنَفَخْتُ فِیْہِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَہٗ سَاجِدِیْنَ فَسَجَدَ الْمَلٰئِکَۃُ کُلُّھُمْ
اَجْمَعُوْنَ اِلَّا اِبْلِیْسَ اِسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکَافِرِیْنَ قَالَ یَا اِبْلِیْسُ مَا مَنَعَکَ اَنْ تَسْجُدَ
لِمَا خَلَقْتُ بِیَدَیَّ اَسْتَکْبَرْتَ اَمْ کُنْتَ مِنَ الْعَالِیْنَ قَالَ اَنَا خَیْرٌ مِّنْہُ خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ
وَّخَلَقْتَہٗ مِنْ طِیْنٍ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْھَا فَاِنَّکَ رَجِیْمٌ وَّاِنَّ عَلَیْکَ لَعْنَتِیْ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

مین نے انسان کو بنایا ہاتھ سے ۔ روح پھونکی اسمین اپنی ذات سے ۔ اسکے ساجد ہین ملک سب جا بجا ۔ فخر اسکو ایسا ہی ای نیکنام

خاک کا ایسا کہان رتبہ بھلا ۔ ہون ملائک جسکے ساجد ای فتا ۔ گر نہین یہ نور حق نور آگہ ۔ منکر اسکا پھر ہی کیون وہ روسیاہ

بھید اسکا جس نے پایا ای حبیب ۔ نور وحدت سے ہوا وہ با نصیب ۔ دیکھ فرماتا ہی وہ رب عظیم ۔ از زبان مصطفی سن ای سلیم

حدیث قدسی الانسان سرّی وانا سرّہ

بھید اسکا حق ہی یہ ہی بھید حق ۔ پڑہ کسی عارف سے جاکر یہ سبق ۔ جو نظر آتا ہی تجکو ای پسر ۔ توہی ہی لیکن ہی اعمی اسقدر

خوب سے جب بے خبر ہو ای سعید ۔ حق کا کیا جانے تو پھر ہی بعید

دربیان کلام سلطان صوفی حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ در شناختن خود

بایزید پارسا کا سن سخن ۔ جب تو واقف حق سے ہوئے انجمن ۔ تو بہ معنی جان جملہ عالمے ۔ ہر دو عالم خود توئی بنگر دمے

تو بمعنے برتری از انس و جان ۔ ہر چہ بینی خود توئی بنگر بدان ۔ در حقیقت خود توئی ام الکتاب ۔ خود ز خود آیات حق را باز یاب

صورت نقش الٰہی خود توئی ۔ عارف مرشد کہا ہی خود توئی ۔ از کمال قدرتش آیت بیشکے ۔ کو دو عالم را نماید در یکے

نقش آدم را رقم نوعے زند ۔ تو دو عالم را ازو پنہان کند ۔ لیک اتنا یاد رکھ عالی گہر ۔ فہم انسان اسمین قاصر سربسر

روح کو کرتی ہے اپنے تو جدا ۔ جب تجھے ہو فہم اسکا ای فتا ۔ گر کوئی دیدہ کرے اسکا بیان ۔ راست ہی اسکا بیان ای بدگمان

ہووے تقلیدی بیان جسکا بسر ۔ وہ ہی رہزن راہ حق کا سربسر ۔ کیونکہ یان ہی دیدنی ناگفتنی ۔ گفتنی ہی کفر ایمان دیدنی

دیدنی ہے جو ہو منکر مرد دین ۔ وہ طریقت سے ہی اعمی بالیقین ۔ جو کرے دیکھے کرے اسکا بیان ۔ وہ شریعت سے ہی نادان بیگمان

جب شریعت سے جادے نکل ۔ پھر کہان حاصل طریقت ای دغل ۔ پوچھ اسکو جا کسی بینا سے بس ۔ گر ہی دلمین تو سمجھنے کی کچھ ہوس

دیکھو فرماتے ہین یہ شیخ جہان | یعنی قطبون کے جو مرشد بیگمان
یہ ہوا تیری حقیقت کا بیان | لیک حق اس سے منزہ بیگمان
لیک اُسکو جسنے پوچھا ای پسر | وہ ہوا عارف خدا کا سربسر
قرب حق جسکو ملا اس سے ملا | جو جدا اُس سے وہ حق سے ہی جدا
جسنے پوچھا آپ کو ای نیکدان | اُسنے پوچھا حق کو بیشک بیگمان
یہ تو کرتب گر کرے ای ذی شعور | خود سے خالی ہو گئے خود ہو خود دور
تیغ لا در قتل غیر حق براند | در نگر کہ بعد لا آخر چہ ماند

اگر ہمی خواہی کہ یابی این نشان | سر بسر خاک پای کاملان
کیونکہ اسکی ذات ہی ازبس لطیف | وہ ہی خالق ہے یہی مخلوق کثیف
کیونکہ اسکو حق سے ہی اک واسطہ | پر نہ حاصل ہو تجھے بے رابطہ
اس حدیث مصطفے پر کر نظر | بھید اسکا جب کھلے ای بیخبر
جب تلک خود کو نہ بوجھے ای فنا | لا کہو بت دل ہین پر بلا
جب ہوا تو دور کیا باقی رہا | کر نظر اس قول پر ای باخدا
عشق و عاشق نظم کشتن تمام | تا ہمہ معشوق ماند و السلام

خاتمہ مثنوی بدعا مقبول

ای خدا دے دو جہان بہر رسول | یہ دعا عاجز کی حق سے کی قبول
سو سنون کو مثنوی یہ ہو قبول | از طفیل آل و اصحاب رسول
کر چکا اب مثنوی عاجز تمام | یعنی اسکو جو پڑھے بہر خدا
طالبو دل سے پڑھو اسکو مدام | درد دل حاصل ہو اسکو مطلقا

تمام شد

فائدہ مصنف قدس اللہ سرہ العزیز سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خواب مین فرمایا کہ تو کچھ بیان کرتا کہ طالبون کو اس راہ کے اُس سے فائدے حاصل ہون پس بموجب حکم کے مصنف نے یہ مثنوی تصنیف کی اور اس سے اسکی مقبولیت کا یقین کامل ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

غزلیات من تصنیف جناب حضرت و قبلہ محمد عبد الصمد صاحب قدس سرہ

غزل

وہ ہین شاہ دو عالم جو غلامان محمد ہین
اُنھون سے انبیا کو رشک صدیقون کو حسرت ہی
اُتر کے عرش سے آئین فرشتے جو مقرب ہین
خدا کے ماسوا جو ہی صفت اوصاف احمد ہین

وہ بہتر ہین شہیدون سے جو قربان محمد ہین
جو تھامین صرف ہاتھون سے وہ دامان محمد ہین
برائے پای بوس اُنکے جو دربان محمد ہین
یہی کلمے کہو دل سے کہ شایان محمد ہین

نہ بھائین پھول جنت کے جو بہتر ہین اُنھین عاجز
جو دیکھین آنکھ سے خار گلستان محمد ہین

دیکھو تو ذرا رتبہ والاے محمد | سرتاج ہی ہر دین کی کف پاے محمد

گیا فخر زمین کو کہ نہین عرش برین کو
لوٹے ہین سدا خاک پہ شیدا ے محمد

تعظیم کرین حور و ملک جن و بشر سب
جس دل کو میسر ہو تولا ے محمد

صد کوہکن و قیس ہوے رشک سے آنکھے
رکھتے ہین ذرا دل مین جو سودا ے محمد

عاجز مہ و خورشید ہون محجوب فلک پہ
نعلین کف پا کو جو دکھلاے محمد

غزل

زمین پر جو غلام شاہ دین ہی
وہی فرمان دہ عرش برین ہی

زبان جز و کل پر یہ صدا ہی
کہ احمد رحمۃ للعالمین ہی

یہان جو عاشق احمد ہی بیشک
وہی معشوق رب العالمین ہی

ملائک سر کے بھل آتے ہین اُس جا
جہانپر ذکر ختم المرسلین ہی

جو مومن ہی اُسے ہی اُنسے الفت
نہین اُسکو جو مردود و لعین ہی

ہوا جو خاکپاے آل و اصحاب
وہ بیشک ہمسر روح الامین ہی

در احمد کا عاجز جو گدا ہی
شہنشاہون کا شہ وہ بالیقین ہی

غزل

ہمین یار سے وصل کی آرزو ہی
شب و روز دل کو یہی جستجو ہی

ہر اک گل مین اُسکا نشان پایا ہمنے
اُسی کی یہ رنگت اُسی کی یہ بو ہی

نہین بھاتی ہین مجھکو باتین کسی کی
سُنی جبسے اُس یار کی گفتگو ہی

ہماری یہ ہستی ہی تیرا ہی پردہ
اگر نیست یہ ہو تو پھر تو ہی تو ہی

یہ ہی راز مخفی نہ کہنا تو عاجز
نہ یہ ہی نہ وہ ہی نہ مین ہون نہ تو ہی

غزل

یار کی استان پر فدا ہین ہم
کبھی واصل کبھی جدا ہین ہم

ہیسے اکسیر کو ہی نسبت کیا
آل احمد کے خاک پا ہین ہم

عشق مین یار کے جو ہو بیخود
اُسی بیخود کے آشنا ہین ہم

اپنی ہستی فنا جو اسمین ہو — حق کی سوگند پھر بقا ہین ہم
زاہد وہمسے دیکھیو بچنا — کیونکہ رندون کے پیشوا ہین ہم
چشم دل کھول کر ہمین دیکھو — کہین شہ ہین کہین گدا ہین ہم

اسقدر محو ہو گئے عاجز
یہ نہین جانتے کہ کیا ہین ہم

غزل

اگر دل خواب غفلت سے ذرا بیدار ہو جاوے — کرے جسپر نظر وہ صاحب اسرار ہو جاوے
کرے ہی میکشو نسے سرکشی کسواسطے زاہد — توجہ گر کرین تجھپر ابھی میخوار ہو جاوے
وہ بلبل ہین نہین ہمکو تمنا گل سے ملنے کی — نظر گر خار پر ڈالین تو وہ گلزار ہو جاوے
ہوس آنکھ مین مل خاک پا اُس شاہ خوبان کی — جدھر دیکھے اُدھر اکسیر کا انبار ہو جاوے
اگر یاد مین نہ جنت مین صنم دل شاد کیونکر ہو — ہمارے واسطے بے یار جنت نار ہو جاوے

عبث مفلس ہی عاجز دیکھ جا دندان جانان کو
ابھی یہ چشم تیری دیکھ گوہر بار ہو جاوے

فرد

ہم نہین کم ظرف ایسے جو بکین دیوانہ وار — خم کے خم پیجاتے ہین رہتے ہین لیکن ہوشیار

تضمین حضرت عبد الصمد صاحب قدس سرہ بر مطلع قدسی

شب معراج مین آتی تھی فلک سے یہ ندا — دیکھو آتا ہی زمین سے عجب اک نور خدا
شعلۂ نور ہی ایسا کہ نہ دیکھا نہ سُنا — جسنے دیکھا ہین وہ طور نمط ہو کے جلا
حسن معنی مین وہ ایسا ہی کہ حاشا کلاّ — حُسنِ یوسف بھی حیا سے نہین دیکھے یہ ذرا
ورد دیوار سے پڑھتے ہین وہ ہو ہو کے فدا — جسطرف دیکھو اُدھر سے یہی آتی ہی صدا

مرحبا سیدِ مکی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

عرش پہ دھوم ہوئی آتا ہی وہ شاہنشاہ — جسکے خدام ملائک ہین زہے شوکت و جاہ
دیکھیو حسن خداداد پہ کرنا نہ نگاہ — ورنہ جل جاؤگے جسطرح سے جلتی ہی گیاہ
کیونکہ یہ نور ہی وہ جسکو کہین نور اللہ — مقتبس جسکا ہی ہر ایک نبی شام و پگاہ

لبِ جان بخش پہ پڑتے ہی نگہ سے ناگاہ ۔۔۔ ہو کے بیتاب یہ عیسےٰ نے کہا کھینچکے آہ

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

حوریں بھی رقص کناں کہتی تھیں ای شاہ امم ۔۔۔ دید تیری نہیں ہی دید خدا سے کچھ کم
وہی جلوہ ہی وہی نور وہی فیض اتم ۔۔۔ ہی منور یہ ترے نور سے سارا عالم
آپ تشریف جو لایا کریں یاں پر پیہم ۔۔۔ فرش آنکھوں کا بچھایا کریں ہم سب باہم
اُسپہ بٹھلایا کریں آپکو اور چومیں قدم ۔۔۔ روبرو آپکے انکو پڑھیں باشوق اتم

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

کہیں آدم کہیں حوا کہیں تھے اسرائیل ۔۔۔ محوِ وحدت کی لگاتے تھے کہیں خضر سبیل
کہیں کرتی تھیں قدمبوسی کو حوریں تعجیل ۔۔۔ کہیں پڑھتے تھے کھڑے صلِ علےٰ اسمعیل
کہیں یوسف کہیں ادریس کہیں عزرائیل ۔۔۔ کہیں مشتاق کھڑے دید کے روتے تھے خلیل
وجد میں آکے لگے کہنے وہاں پر جبریلؑ ۔۔۔ صور میں پھونک دو اس بیت کو اے اسرافیل

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

آپ سے ہوکے جدا جب وہ چلے بہرِ وصال ۔۔۔ نورِ وحدت سے صدا آئی کہ اے میرے جمال
انبیا سنکے یہ کہنے لگے ای ظلِ جلال ۔۔۔ عقدہ یہ ہمپہ کھلا جو ترے سب وہم و خیال
فخر سری و انا سے تو مشرف بہ کمال ۔۔۔ غور کر دیکھا نہیں کوئی ترا مثل و مثال
عاجز اغیر سے کر اسمیں نہ تو بحث و جدال ۔۔۔ روز و شب دل سے پڑھا کر اسے بے قیل و قال

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

قطعۂ تاریخ طبع از سید فضل حق صاحب ساکن اٹروالی شاہ آلم خلیفہ و مرید حضرت محمد وکیہ اسم فرا تشریف کند ست

آشنائے بحرِ عرفان مخزنِ فضل و کرم ۔۔۔ حضرت عبد الصمد کشّافِ اسرارِ قدم
ہادی راہِ طریقت آفتابِ معرفت ۔۔۔ مظہرِ نورِ حقیقت مصدرِ فیضِ اتم
جوہرِ تیغِ شجاعت مجمعِ علم و حیا ۔۔۔ معدنِ جود و سخاوت صاحبِ سیف و قلم

نقشبند و صاحب ارشاد در ہر سلسلہ
روز یکشنبہ بتاریخ سوم وقت زوال
در فراق صوری آن قدوۂ اہل وفا
بہر تاریخش سر ہاتف فرو گردید و گفت

داشت نسبت با جناب نامدار محترم
در محرم شد ازین دار فنا سوے ارم
بود طالب ہر یکے در رنج و اندوہ و الم
کعبۂ اہل طریقت قبلۂ اہل کرم
۱۲۸۰ھ

خاتمۃ الطبع

ہر دم خدا کا شکر ہے کہ اُسکی عنایات نامتناہی سے ایک مثنوی عمدہ ولاجواب مع غزلیات نادرہ کہ مذاق تصوف میں یہ کلام بیشبہا ہے جسمین صاف صاف بیان وحدت کا اور تعلیم درس دل اور خالی کرنا دل کا وساوس شیطانی سے اور بیان نماز کاملین کا اور ترجیح نماز اہل باطن کی نماز اہل ظاہر پر اور صفت مجذوب اور بیان اقسام جذب و بیان پیر کامل طریقت و اقسام سالکین کے مشرح لکھے ہین اسکا نام تحفۃ العاشقین ہے تصنیف عارف کامل حقیقت کیش معرفت اندیش قدوۂ عارفین زبدۂ کاملین ہادی مراحل طریقت واقف جادۂ شریعت مقبول بارگاہ یزدان حضرت محمد عبد الصمد المعروف بہ شاہ رحمت خان قدس سرہ سے مطبع منشی نولکشور مین بماہ مئی سنہ ۱۸۹۰ء عیسوی موافق ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۳۰۷ ہجری کے بار چہارم زنگ انطباع سے مزین اور آراستہ ہوئی خداوند عالم مقبول عالم کرے
آمین ثم آمین